# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، بہاول پور

نمبر: 280/رجسٹریشن
مورخہ: 29-03-2023

(رجسٹرڈ)

بخدمت:

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
(گورنمنٹ، الحاق شدہ ہائی/ہائیر سیکنڈری سکولز)
واقع حدود تعلیمی بورڈ، بہاول پور

عنوان: **جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن (25-2023) میں داخلہ /رجسٹریشن/آن لائن ڈیٹا انٹری اور ترسیل کا شیڈول**

پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین نے مراسلہ نمبر 504-SY/PBCC/LHR مورخہ 06-03-2023 کے تحت جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 25-2023ء میں داخلہ /رجسٹریشن (آن لائن ڈیٹا انٹری اور ترسیل) کا شیڈول جاری کیا ہے۔ تمام سربراہان ادارہ جات درج ذیل شیڈول کے مطابق مقررہ تاریخ میں آن لائن ڈیٹا انٹری اور رجسٹریشن ریٹرنز ارسال کریں **واضح رہے کہ سرکاری تعلیمی اداروں کے طلباء/طالبات (رجسٹریشن/سپورٹس) فیس سے مستثنیٰ ہونگے تاہم پروسیسنگ/ڈویلپمنٹ اور سکالرشپ فیس وصول کی جائیگی۔**

| نمبر شمار | شیڈول | اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری/کوائف کی فیڈنگ، بنک میں فیس جمع کرانے، آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بنک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فارورڈنگ لیٹر بورڈ آفس میں جمع کرانے کی تاریخ۔ |
|---|---|---|
| i | بغیر لیٹ فیس کے جماعت نہم میں داخلہ کی آخری تاریخ | **01 اپریل 2023ء تا 15 مئی 2023ء** |
| ii | لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ -/500 روپے (تمام سرکاری، پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارہ جات رجسٹریشن بمع سپورٹس، ڈویلپمنٹ، سکالرشپ اور پروسیسنگ فیس جمع کروانے کے پابند ہوں گے)۔ | **16 مئی 2023ء تا 30 مئی 2023ء** |
| iii | رجسٹریشن/سپورٹس فیس (فی طالب علم/طالبہ) | **-/1000 روپے، -/150 روپے** |
| iv | پروسیسنگ فیس، سکالرشپ فیس، ڈویلپمنٹ فنڈ (فی طالب علم/طالبہ) | **-/530 روپے، -/80 روپے اور -/200 روپے** |
| v | مورخہ 30-05-2023 کے بعد جماعت نہم میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔ | |

**ضروری نوٹ:** **ناظرہ قرآن حکیم بمع ترجمہ تمام طلباء اور طالبات کے لیے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہوگا۔** (تفصیل صفحہ نمبر 4 سیریل نمبر 10 پر ملاحظہ کریں)

## (1) ہدایات برائے آن لائن ڈیٹا انٹری ، ترسیل ہارڈ کاپی رجسٹریشن ریٹرن و فیس چالان

(i) رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کی ویب سائٹ (www.bisebwp.edu.pk) پر آن لائن ہو کر بورڈ کی طرف سے ادارہ کو مہیا کردہ ویب سائٹ اکاؤنٹ/پورٹل کے ذریعے مرتب کریں۔

(ii) جماعت نہم کی آن لائن رجسٹریشن کیلئے "ب فارم" نمبر لازمی ہے۔ تعلیمی سیشن 25-2023 سے آن لائن سسٹم کے تحت داخلہ/کوائف کی فیڈنگ کے بعد نادرہ کی طرف سے جاری کردہ طلباء وطالبات کا "ب فارم" نمبر درست فیڈ کیا جائے۔

(iii) آن لائن ڈیٹا Submit کرنے سے قبل کوائف کی مکمل پروف ریڈنگ کے بعد ضروری درستگی کر کے ڈیٹا انٹری آن لائن کریں۔ رجسٹریشن کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے دوران کم از کم بیچ (Batch) بنائے جائیں۔ رجسٹریشن ریٹرن کے تمام صفحات سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہوں۔ مدھم اور غیر واضح پرنٹ، پروف ریڈنگ اور نامکمل دستاویزات قابل قبول نہ ہونگی۔

(iv) جماعت نہم میں داخل طلباء/طالبات کے کوائف آن لائن ڈیٹا انٹری کے تحت Submit کرنے کے بعد رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، ترسیلی لیٹر اور اصل اداشدہ فیس چالان (رجسٹریشن، ڈویلپمنٹ، سکالرشپ، پروسیسنگ اور سپورٹس فیس) بورڈ ہذا (رجسٹریشن برانچ) کو مقررہ شیڈول میں ارسال کریں۔

(v) **تصویر/تصاویر۔** طلباء وطالبات، والدین اور بورڈ ہذا کو پیش آمدہ غیر معمولی مشکلات اور مسائل کے امکان کو 100% کم کرنے کے لیے کوائف کی فیڈنگ کے دوران تصویر/تصاویر کو اپ لوڈ کرتے وقت بورڈ کی جانب سے مقررہ (Dimensions) اور Pixels کی

Rangeجس میں (Width 100-150 Pixels)اور(Height 150-200 Pixels) کو ہر صورت Follow کیا جائے۔ فائل کا سائز8KB-22KBبرقرار رکھا جائے۔ تصویر سر سے لے کر شولڈر تک اور بیک گراؤنڈ نیلا ہو۔ روشنی نہ زیادہ اور نہ کم اور نہ ہی تصویر دھندلی(Blur) ہو۔ ٹوپی، عینک اور نقاب یا ماسک والی تصویر قابل قبول نہ ہو گی۔ تصویر کا سائز اور چہرہ بالکل واضح ہو بصورت دیگر ادارہ بورڈ نوٹیفکیشن کے مطابق مقرر کردہ درستگی فیس کے ساتھ تصویر درست کروانے کا پابند ہو گا۔

(vi) **تعلیمی سیشن 24-2022 کے طلباء/طالبات کا داخلہ**

ایسے طلباء وطالبات جو گزشتہ تعلیمی سیشن (24-2022) میں کسی بھی تعلیمی ادارہ میں جماعت نہم میں داخلہ/رجسٹریشن کے بعد ریگولر زیر تعلیم رہے ہیں لیکن بیماری یا کسی اور مجبوری کی وجہ سے جماعت نہم امتحان سالانہ 2023ء کے کیلئے ان کا داخلہ آن لائن جمع نہ کروایا گیا ہو اور وہ دوبارہ جماعت نہم میں داخلہ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ایسے طلباء/طالبات کو دیگر فریش امیدواران کی کیٹیگری میں شمار کیا جاسکتا ہے۔

(vii) **شیڈول کے بعد آن لائن رجسٹریشن۔**

ایسے طلباء وطالبات جنہیں شیڈول داخلہ کی مقرر شدہ تواریخ میں جماعت نہم میں داخل کر لیا گیا ہو لیکن ادارہ کی جانب سے امیدواران کی رجسٹریشن/ڈیٹا مقرر کردہ تواریخ میں آن لائن نہ کیا جا سکا ہو تو ایسے امیدواران کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد، ریٹرن کی ہارڈ کاپی، رجسٹریشن وپروسیسنگ/سپورٹس/ڈویلپمنٹ/سکالرشپ فیس کے علاوہ مبلغ - / **200** روپے فی یوم فی طالب علم / طالبہ جرمانہ کے ساتھ مورخہ **15-10-2023** تک وصول کی جائیگی۔

(2) **جماعت نہم میں داخلہ/رجسٹریشن کے لیے کم از کم عمر کی حد۔**

جماعت نہم میں داخلہ کے وقت طالب علم/طالبہ کی عمر **یکم اگست 2023 کو 12 (بارہ) سال ہونی چاہیے**۔ یعنی جس طالب علم/طالبہ کی تاریخ پیدائش یکم اگست 2011 یا اس سے پہلے کی ہے وہ جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن 25-2023 میں داخلہ/رجسٹریشن کا اہل ہے۔

(3) **کینسل رجسٹریشن/ڈیلیٹ بیچ**

(i) اگر کوئی طالب علم/طالبہ کسی وجہ سے ادارہ سے خارج ہو جائے یا ادارہ چھوڑ جائے تو ادارے کا آن لائن پورٹل اوپن کر کے متعلقہ امیدوار کی رجسٹریشن Delete/کینسل کی جاسکتی ہے تاہم لازم ہے کہ متعلقہ امیدوار کی کمپیوٹر سے پرنٹ شدہ منسوخی رجسٹریشن کی درخواست/لیٹر شعبہ ہذا کو مقررہ تاریخ مورخہ **15-10-2023** تک یا اس سے قبل ارسال کریں مقررتاریخ کے بعد موصولہ لیٹر مسترد شدہ متصور ہو گا اور رجسٹریشن ڈیلیٹ/کینسل نہ کی جائے گی۔

(ii) اگر کسی ڈیلیٹ/کینسل شدہ امیدوار کی رجسٹریشن بحال کروانا مقصود ہو تو بحالی رجسٹریشن کی فیس مبلغ **-/1000** روپے فی طالب علم/طالبہ کا چالان جمع کروانا ہو گا اس کے علاوہ سربراہ ادارہ کی طرف سے لیٹر ضروری ہے جس میں بحالی رجسٹریشن کی وضاحت کی گئی ہو۔

(iii) سنگل فیس کے شیڈول کے اندر کسی بھی ادارہ/سکول کی طرف سے Batch کینسل کروایا جا سکے گا جس کی کینسلیشن فیس مبلغ **-/1000** روپے فی بیچ ہو گی۔ واضح رہے کہ دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن (ہارڈ کاپی) موصول ہونے کے بعد بیچ کینسل نہیں ہو گا۔

(4) **درستگی کوائف**

(i) سکول ریکارڈ/داخل خارج رجسٹر کے مطابق کسی بھی طالب علم/طالبہ کے نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، سپیلنگ، تصویر، تصویر سائز، تاریخ داخلہ، جنس، مذہب، حافظ، ب فارم نمبر، فون نمبر اور ایڈریس میں درستگی کے لیے آن لائن سسٹم کے تحت ادارہ کا پورٹل اوپن کر کے مطلوبہ درستگی کے لیے Apply کیا جاسکتا ہے۔ تاہم ان امیدواران کی کمپیوٹر سے پرنٹ شدہ درخواست بمعہ داخل خارج رجسٹر کی تصدیق شدہ کاپی و فیس چالان مبلغ **-/750** روپے فی غلطی فی طالب علم/طالبہ کے حساب سے مورخہ **15-10-2023** تک یا اس سے قبل شعبہ ہذا کو لازمی ارسال کریں۔ **واضح رہے کہ 15-10-2023 کے بعد بھی میٹرک کا امتحان شروع ہونے سے 15 یوم قبل تک مبلغ -/1000 روپے کے ساتھ درج بالا اقسام کی درستگیاں بھی کروائی جاسکیں گی۔**

(ii) **اصل داخل خارج رجسٹر:** نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش کی درستگی کیلئے اصل داخل خارج رجسٹر برانچ ہذا میں لازمی چیک کروانا ہو گا (رجسٹر مکمل تصدیق شدہ ہو اور اس پر بیچ مارکنگ کی گئی ہو، رجسٹر پر کٹنگ، فلیوڈ، اوور رائٹنگ نہ ہو) نیز رجسٹر کے متعلقہ صفحات کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی درخواست کے ساتھ لف ہوں۔ اصل داخل خارج رجسٹر چیک نہ کرانے کی صورت میں درستگی کو Verified/کلیئر نہیں کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ/سکول انتظامیہ پر عائد ہو گی۔ **(واضح رہے کہ میٹرک کا امتحان شروع ہونے سے 15 یوم قبل تک کی تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواست داخل دفتر کر دی جائے گی اور دفتر ہذا میں موجود کوائف کے مطابق ہی طلباء/طالبات کو رجسٹریشن نمبر جاری کر دیئے جائیں گے۔**

**(5) مضمون، مضامین/گروپ کی تبدیلی۔**

(i) کسی بھی طالب علم وطالبہ کا مضمون، مضامین/گروپ تبدیلی کے لیے ادارہ کاآن لائن پورٹل اوپن کر کے Apply کیا جاسکتا ہے تاہم لازم ہے کہ مضمون تبدیلی کی صورت میں مبلغ-/2400روپے اور گروپ تبدیلی کی صورت میں مبلغ-/2500روپے فیس چالان اور کمپیوٹر سے پرنٹ شدہ درخواست مورخہ 15-10-2023 تک یا اس سے قبل ارسال کریں۔ درخواست وفیس چالان موصول نہ ہونے کی صورت میں ادارہ کی جانب سے کی گئی تبدیلی کو کلیئر نہیں کیا جائے گا اور امیدواران کا مضمون/گروپ تبدیل نہ ہوگا۔

(ii) مورخہ 15-10-2023 کے بعد تبدیلی مضمون/گروپ کی صورت میں سربراہ ادارہ کا امیدوار کے متعلقہ مضمون میں 75% حاضریوں کا تحریری ثبوت/سرٹیفیکیٹ دینا لازمی ہے اور لیٹ فیس کے ساتھ مبلغ-/2400روپے مضمون تبدیلی فیس اور گروپ تبدیلی کی صورت میں مبلغ-/5000روپے فیس فی امیدوار وصول کیے جائیں گے۔ مضمون/گروپ کی تبدیلی امتحان کے انعقاد سے **30یوم** قبل تک کروائی جاسکتی ہے اس کے بعد مضمون یا گروپ ہر گز تبدیل نہ ہوگا۔ اور مقررہ تاریخ کے بعد موصول شدہ درخواست/لیٹر منسوخ متصور ہوگا۔

**(6) NOC کی بنیاد پر داخلہ۔**

(i) دوسرے بورڈز سے دوران تعلیم جماعت نہم/دھم کا NOC حاصل کر کے/مائیگریٹ ہو کر آنے والے طلباء/طالبات کا سکول لیونگ سرٹیفیکیٹ کے اجراء کے **30یوم** کے اندر اندر NOC حاصل کرنا ضروری ہے۔ متعلقہ بورڈ سے NOC کے اجراء کے بعد **45یوم** کے اندر بورڈ ہذا سے الحاق شدہ کسی بھی تعلیمی ادارہ میں داخلہ لیا جاسکتا ہے۔ سکول انتظامیہ تاریخ داخلہ سے **دس یوم** کے اندر آن لائن سسٹم کے تحت متعلقہ رجسٹریشن Portal میں امیدوار کے کوائف کی آن لائن ڈیٹا انٹری کے بعد آن لائن ترسیلی لیٹر کے ہمراہ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، اصل NOC، رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل، سکول لیونگ سرٹیفیکیٹ کی مصدقہ کاپی (موجودہ سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ ہو) اور مجوزہ رجسٹریشن، ڈویلپمنٹ، سکالرشپ، پروسیسنگ اور سپورٹس فیس کا اداشدہ اصل بنک چالان بورڈ ہذا (رجسٹریشن برانچ) کو ارسال کریں نیز مطلوبہ دستاویزات پر کٹنگ/اوور رائٹنگ یا فلیوڈ استعمال کیے جانے یا نامکمل ہونے کی صورت میں متعلقہ امیدوار کو رجسٹریشن نمبر الاٹ نہیں کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ سکول انتظامیہ پر ہوگی۔

(ii) جماعت نہم کے امتحان میں شمولیت کے بعد دیگر بورڈز سے NOC حاصل کر کے آنے والے طلباء/طالبات بورڈ ہذا میں واقع تعلیمی ادارہ جات میں جماعت نہم میں ری ایڈمیشن کیٹگری میں داخلہ/رجسٹریشن کے اہل نہ ہونگے۔ ضروری ہے کہ وہ پہلے اپنے متعلقہ بورڈ میں جماعت نہم میں ری ایڈمشن حاصل کرنے کے بعد NOC حاصل کریں۔

**(7) مائیگریشن۔**

(i) بورڈ ہذا کی حدود میں ایک سکول سے دوسرے سکول میں مائیگریشن کے لیے سکولز/ادارہ جات اپنے آن لائن پورٹل میں مائیگریشن درخواست فارم میں کوائف کا اندراج مکمل کر کے فارم، فیس چالان مبلغ-/3095روپے اور لوکل مائیگریشن کی صورت میں مبلغ-/7595روپے کا پرنٹ حاصل کریں۔ مذکورہ فارم کے رضامندی کالم میں اپنے ادارہ کے سربراہ کے دستخط ومہر کے بعد فارم متعلقہ امیدوار یا سکول انتظامیہ کے حوالے کر دیں تاکہ وہ نئے ادارہ کے سربراہ سے رضامندی کے دستخط ومہر لگوا کر مائیگریشن فیس جمع کروانے کے بعد شعبہ ہذا کو ارسال کرے یا دستی جمع کروائے جس کے بعد امیدوار کو مائیگریشن سلپ جاری کی جائے گی۔

(ii) طلباء، طالبات مائیگریشن سلپ کے اجراء کے بعد پندرہ (15) یوم کے اندر نئے سکول میں داخلہ حاصل کرنے اور مائیگریشن سلپ کی اصل کاپی سکول میں جمع کرانے کے پابند ہونگے۔ نئے سربراہ ادارہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ مائیگریٹیڈ طالب علم/طالبہ کو اپنے ادارہ میں فوری طور پر داخل کرنے کے بعد مائیگریشن سلپ سے منسلکہ مائیگریشن ریٹرن کے متعلقہ کالم میں تاریخ داخلہ کا اندراج کر کے تصدیق شدہ مائیگریشن ریٹرن مع ترسیلی لیٹر تاریخ داخلہ سے **دس یوم** کے اندر (رجسٹریشن برانچ) کو ارسال کریں۔

(iii) مائیگریشن سلپ گم ہونے کی صورت میں مبلغ-/1000روپے کے ساتھ ڈوپلیکیٹ مائیگریشن سلپ جاری کی جائے گی اور مائیگریشن کینسل کرنے کے لیے مبلغ-/1000روپے کینسل مائیگریشن کا چالان اور سربراہ ادارہ کا لیٹر ارسال کرنا ضروری ہے۔

(iv) جماعت نہم سالانہ 2023ء میں شامل امتحان ہونے والے امیدواران رزلٹ کی اشاعت کے بعد جماعت دہم میں سکول ٹو سکول مائیگریشن کروا سکتے ہیں نیز جماعت نہم ودہم میں زیر تعلیم طلباء/طالبات امتحانی داخلہ فارم کی ڈبل فیس کے شیڈول کی آخری تاریخ تک یا اس سے قبل مائیگریشن کروا سکتے ہیں۔ **(بشرطیکہ امتحانی داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت Submit نہ کیا گیا ہو) اس کے بعد مائیگریشن کی اجازت نہیں ہوگی اور مقررتاریخ کے بعد وصول ہونے والا مائیگریشن فارم منسوخ متصور ہوگا۔**

**(8) بیرون ملک سے آمدہ NOC کیس۔**

بیرون ملک سے کسی گورنمنٹ یا پرائیویٹ منظور شدہ تعلیمی ادارہ سے سرٹیفیکیٹ لیکر آنے والے امیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارتخانہ /منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال /امتحان سے **30یوم** قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں تاہم ترسیل ریٹرن کی دیگر شرائط و جرمانہ درج بالا شق نمبر 6 (بعنوان NOC کی بنیاد پر داخلہ) کے مطابق ہونگے۔ نیز ایسے امیدواران بورڈ ہذا میں رائج سکیم آف سٹڈیز/ قواعد ضوابط کے مطابق امتحان میں شمولیت کے پابند ہونگے۔

**(9) ری ایڈمشن۔**

طلباء و طالبات کے ری ایڈمشن داخلہ کے لیے امتحان نہم سالانہ 2023 کے رزلٹ کی اشاعت کے بعد شیڈول جاری کیا جائے گا جس میں فیل، غیر حاضر، 33% سے کم نمبرات والے جبکہ پاس شدہ طلباء طالبات بھی رزلٹ کی اشاعت کے بعد 15 یوم کے اندر اندر اپنا رزلٹ کینسل کروا کے ری ایڈمشن کیٹگری میں داخلہ حاصل کر سکتے ہیں۔

**(10) Translation of The Holy Quran**

9th میں رجسٹر ہونے والے مسلم طلباء و طالبات کے لیے **Translation of The Holy Quran** کا مضمون اختیار کرنا لازمی ہے جبکہ غیر مسلم امیدواران **Translation of The Holy Quran** کے متبادل **Ethics** اور اسلامیات کے متبادل **Religious Education** کا مضمون اختیار کریں گے۔

**(نوٹ)** بورڈ فیصلہ مورخہ 29-12-2022 کی شق نمبر 15 کے تحت نان مسلم امیدواران اپنی مرضی کے مطابق Religious Education کی بجائے Islamiat اور Ethics بجائے Translation Of The Holy Quran کا مضمون اختیار کر سکتے ہیں۔

**(11) رجسٹریشن ریٹرنز، ہارڈ کاپی، مائیگریشن سلپ، NOC کی بروقت ترسیل۔**

ادارہ جات مذکورہ بالا شیڈول بورڈ قواعد کے مطابق ہی طلباء و طالبات کو جماعت نہم برائے تعلیمی سیشن (2023-25) میں داخل کر کے آن لائن ہارڈ کاپی اور مطلوبہ مکمل دستاویزات بروقت ارسال کریں۔ امیدواران کی رجسٹریشن، ڈویلپمنٹ، سکالرشپ، پروسیسنگ اور سپورٹس فیس بنک میں جمع نہ کرانے اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن/NOC کی ہارڈ کاپی اصل فیس چالان دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں اس کے علاوہ مائیگریشن سلپ شیڈول ہذا میں مقرر کردہ آخری تاریخ تک نہ پہنچنے کے بعد پہلے ماہ مبلغ **-/2000** روپے اور اس کے بعد ہر ماہ مبلغ **-/3000** روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ یہ جرمانہ پورے ادارے یا ایک طالب علم کی رجسٹریشن ریٹرن/NOC کی ہارڈ کاپی، اصل فیس چالان اور مائیگریشن سلپ موصول نہ ہونے کی صورت میں واجب الادا ہو گا یہ جرمانہ ناقابل معافی ہے اور نہ ہی اس بارے اپیل کی جا سکے گی۔

**(12) قواعد کے خلاف داخلہ**

شیڈول داخلہ / بورڈ قواعد کے برعکس طلباء/طالبات کو جماعت نہم میں داخلہ دینے، رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں بھجوانے اور دیگر امور کی تکمیل کے بعد طلباء/طالبات یا ان کے والدین کی جانب سے کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں بورڈ ہذا ذمہ دار نہ ہو گا بلکہ اس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ سکول انتظامیہ پر عائد ہو گی۔

**(نوٹ)** شیڈول ہذا بورڈ کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے جسے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ نیز آن لائن داخلہ /رجسٹریشن اور تواریخ کے شیڈول سے متعلق ہمہ قسم کی اہم اور فوری نوعیت کی معلومات کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ (**www.bisebwp.edu.pk**) روزانہ وزٹ /ملاحظہ کرتے رہیں تاکہ آپ (سکول انتظامیہ) کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

شمشاد علی
**سکریٹری**

**کاپی برائے اطلاع/ضروری کارروائی**

(1) جناب سیکریٹری صاحبان، تعلیمی بورڈز پنجاب۔
(2) جناب سی ای او (ایجوکیشن) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان۔
(3) جناب ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت)
(4) جناب نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)
(5) جناب سسٹم اینالسٹ (برائے بورڈ ویب سائٹ)
(6) نوٹیفیکشن شیڈول فائل و داخلی تقسیم۔

آفیسر انچارج (رجسٹریشن)